# غیر تصدیق شدہ قرض کا نوٹس[1]

| | |
|---|---|
| تاریخ: | |
| قرض وصول کرنے والے کا قانونی کاروباری نام: | |
| کاروباری مقام کا پتہ: | |
| کاروباری ٹیلیفون نمبر: | کاروباری ای میل پتہ: |

| |
|---|
| صارف کا نام: |
| صارف کا پتہ: |
| قرض کے لیے صارف اکاؤنٹ نمبر: |

*نوٹ: "ہم" اور "ہمیں" کی اصطلاحات سے مراد اوپر بیان کردہ قرض وصول کنندگان ہیں۔*

________________________ کو، ہمیں آپ کا تنازعہ یا مجولہ بالا قرض
[تاریخ]

کی تصدیق کی درخواست موصول ہوئی۔ نیو یارک سٹی کا قانون ہم سے 60 دن کے اندر قرض کی درستگی کی تصدیق کے لیے مخصوص دستاویزات فراہم کرنے کا تقاضا کرتا ہے۔

ہم مطلوبہ مقررہ وقت میں قرض کی تصدیق نہیں کر سکے۔ آپ کو یہ نوٹس انگریزی اور ان دیگر تمام زبانوں میں موصول ہو رہا ہے جنہیں ہم نے اس قرض کے بارے میں بات چیت کے لیے استعمال کیا۔

**نیو یارک سٹی کے صارف کے طور پر آپ کے حقوق کے بارے میں اہم معلومات**

- ہمیں آپ کے متنازعہ قرض کی مزید وصولی کی کوششیں معطل کرنی ہوں گی جب تک کہ ہم مناسب تصدیق فراہم نہ کر سکیں۔

[1] اصل یا اوریجنیٹنگ کریڈیٹرز کے استعمال کے لیے غیر تصدیق شدہ قرض کا نوٹس، جیسا کہ 6 RCNY 5-76 میں بیان کیا گیا ہے۔

- *[اگر آپ کے کاروبار نے صارف رپورٹنگ ایجنسی کو منفی معلومات رپورٹ کی ہیں تو شامل کریں]*
ہم نے اس قرض کے بارے میں منفی معلومات ایک صارف رپورٹنگ ایجنسی کو رپورٹ کی تھیں۔ ہم نے یہ ثابت کرنے کے لیے اپ ڈیٹ بھیجی ہے کہ قرض متنازعہ ہے۔ تاریخیں نیچے دیکھیں۔ اگر صارف رپورٹنگ ایجنسی اس غیر تصدیق شدہ قرض کے نوٹس کی درخواست کرے تو ہم اس کی ایک کاپی بھی فراہم کریں گے۔

| | |
|---|---|
| منفی معلومات کی رپورٹنگ کی آخری تاریخ | |
| اپ ڈیٹ بھیجنے کی تاریخ | |

- **اس غیر تصدیق شدہ قرض کے نوٹس کو محفوظ رکھیں۔** ہم یہ نوٹس آپ کے اکاؤنٹ ریکارڈ میں بھی رکھیں گے۔ اس نوٹس کی ایک کاپی اس اکاؤنٹ سے وصولی کرنے کی کوشش کرنے والے کسی دوسرے قرض وصول کرنے والے کو دیں۔

- نیو یارک سٹی کے قانون کے تحت، کوئی اور قرض وصول کنندہ اس غیر تصدیق شدہ قرض کی وصولی تب تک دوبارہ شروع نہیں کر سکتا جب تک کہ وہ آپ کو قرض کے جواز کی تصدیق کرنے والی دستاویزات نہ دے۔

- اگر ہم قرض بیچیں یا تفویض کریں، مقدمہ دائر کرنے کے لیے اس اکاؤنٹ کو اٹارنی کے پاس رکھیں، یا اگر ہم اکاؤنٹ کو قرض دہندہ، قرض مالک یا کسی اور ادارے کو واپس کریں جس نے ہمارے پاس اکاؤنٹ رکھا ہو تو ہم اس غیر تصدیق شدہ قرض کا نوٹس کو منتقل کر دیں گے۔

نیو یارک سٹی محکمہ برائے صارف اور کارکن کا تحفظ (NYC Department of Consumer and Worker Protection, DCWP) نیو یارک سٹی میں قرض وصولی کے طریقہ کار کو منظم کرتا ہے۔ مزید معلومات بشمول قرض وصولی کی عام اصطلاحات کی فرہنگ اور صارفین کے حقوق کے بل، یا شکایت درج کروانے کے لیے nyc.gov/dcwp ملاحظہ کریں۔